SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1974

مغربی پاکستان جانوروں کی ذبح پر ضابطہ (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN ANIMALS SLAUGHTER CONTROL (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ III کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance III of 1963
۳۔ ۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ III میں دفعہ 8-A کی شمولیت
Insertion of section 8-A in West Pakistan Act III of 1963

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1974

مغربی پاکستان جانوروں کی ذبح پر ضابطہ (سندھ ترمییم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN ANIMALS SLAUGHTER CONTROL (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۱۲ فروری ۱۹۷۴]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جانوروں کی ذبح پر ضابطہ ایکٹ، ۱۹۶۳ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جانوروں کے ذبح پر ضابطہ ایکٹ، ۱۹۶۳ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان جانوروں کی ذبح پر ضابطہ (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ III کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance III of 1963

۲۔ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جانوروں کی ذبح پر ضابطہ ایکٹ، ۱۹۶۳ میں (جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا) اس کی دفعہ ۲ میں، شق (k) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(k) "کام کا جانور" سے مراد:

(i) کوئی جانور جو عمر میں ایک سال سے کم ہو؛

(ii) ایک بھیڑ یا بکری جس کی عمر ایک سال زائد لیکن چار سال سے زائد نہ ہو، جو پیٹ سے ہو یا بچے دینے کے مقصد کے لیئے ، موزون ہو؛

(iii) ایک مادہ جانور ماسوائے بھیڑ یا بکری کے، جس کی عمر ایک سال سے زادئد ہو لیکن تین سال سے زائد نہ ہو؛

(iv) مادہ جانور جو بھیڑ یا بکری کے علاوہ ہو، جو پیٹ سے ہو یا دودھ سے ہو یا بچے دینے کے لائق ہو؛

(v) ایک مادہ جانور، ماسوائے بھیڑ یا بکری کے، جس کی عمر تین سال سے زائد ہو لیکن دس سال سے زائد نہ ہو، جو پیٹ سے ہونے کے مقصد کے لیئے موزون ہو۔

لیکن اس میں شامل نہ ہوگا کوئی ایسا جانور جو ضعیف ہے، زخمی ہے، بیمار ہے یا کوئی اس کا دوسرا سبب ہے، اور اس کے لیئے تحریری طور پر وٹرنری آفیسر یا اینمل ہسبنڈری ڈپارٹمنٹ کے گزیٹیڈ آفیسر نے سرٹیفکیٹ دیا ہے کہ وہ زندہ رہنے کے لائق نہیں یا اس ایکٹ کے مطابق کام کا نہیں ہے؛"۔

۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ III میں دفعہ 8-A کی شمولیت

Insertion of section 8-A in West Pakistan Act III of 1963

۳۔مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد مندرجہ ذیل دفعہ 8-A شامل کی جائے گی:

"8-A۔ (۱)اس ایکٹ کے تحت جرم ازالے کے لائق ہوگا۔

(جرم کا ازالہ اور شنوائی) ماجسٹریٹ آف فرسٹ کلاس سے کم کوئی بھی عدالت اس ایکٹ یا اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد کے تحت کسی جرم پر شنوائی نہیں کر سکے گی۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔